| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ے‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ۔<br>حرف ’ے‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست بناوٹ ساخت سے ’ے‘ لکھ سکیں۔<br>حرف ’ے‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو’حروف تہجی اردو کے‘نظم سنائی جائے گی بچوں سے ا تا ی حروف کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کا تلفظ اور آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو’ے‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر’ے‘ کا تعارف کروایا جائے گا۔ میں حرف ’ے‘ ہوں۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ میں کوئی فرق نہیں آتا۔ میری چھوٹی شکل نہیں۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ’ے‘ سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا۔ یہ عموماً الفاظ کے آخر میں استعمال ہوتا ہے۔ بچوں کو’ے‘ کے ذخیرہ الفاظ جوتے، کپڑے، تالے، کھلونے فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔صوتی آواز بتائی جائے گی۔ یہ حروف تہجی کا اکتالیسواں اور آخری حرف ہے۔تختہ سیاہ سفید پر لکیر کھینچ کر’ے‘ لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا اور بچوں کو باری باری بلا کر’ے‘ لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>نوٹ: خیال رکھیے کہ بچے’ے‘ کو گولائی میں مڑنے کی بناوٹ کا خیال رکھیں ےنوک نہ بنائیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 82 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے’ے‘ پر انگلی پھیرنے کو کہا جائے گا۔حرف ’ے‘ کی اشیاء کے نام بتائے جائیں گے اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔<br>بچوں کو’ے‘ کے کٹ آؤٹس دے کر مختلف رنگوں سے انگلی کی مدد سے’ے‘ میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے’ے‘ کی صوتی آواز کی مشق کروایئے۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ نمبر 82 ’ے‘ کے کٹ آؤٹس<br>رنگین پینٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ے‘ کا تلفظ صوتی آواز اور الفاظ کے آخر میں اس کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ے‘ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ۔<br>حرف ’ے‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست بناوٹ ساخت سے ’ے‘ لکھ سکیں۔<br>حرف ’ے‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو’حروف تہجی اردو کے‘نظم سنائی جائے گی۔’ے‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا درست تلفظ،صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ے‘ کا تلفظ صوتی آواز اور الفاظ کے آخر میں اس کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو’ے‘ کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم تالے کے بارے میں بات کریں گے۔بچوں کو مختلف قسم کے تالے دکھائے جائیں گے۔اور اُن سے پوچھا جائے گا کہ ہم تالے کا استعمال کہاں اور کیوں کرتے ہیں؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ہم تالے کا استعمال اپنے گھر آفس گاڑی یا کسی بھی چیز کی حفاظت کے لیے کرتے ہیں۔بچوں سے تالے کھولنے اور بند کرنے کی سرگرمی کروائی جائے گی۔بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے’ے‘ کی شکل بنوایئے اور بار بار دہرائی کروایئے۔ | 10 منٹ | تالے | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>استعمال شدہ بوتلوں کے ڈھکن پر حروف تہجی کی آدھی اشکال لکھ کر ایک ٹوکری میں رکھ دیں۔ایک چارٹ پیپر جس پر حروف تہجی کی پوری اشکال لکھ کر دیوار پر لگا دیں۔اور اُن تمام کے اوپر کیل لگا دیں۔اب بچوں کو باری باری بلائیں اور کہیں کہ ٹوکری میں سے آدھی اشکال تلاش کریں اور حرف کے اوپر لگے کیل پر لگا دیں۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں’ے‘ کی تصاویر کو’ے‘ سے ملائیں گے۔ | 20 منٹ | ٹوکری، بوتلوں کے ڈھکن، چارٹ پیپر، کیل<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ ہوا میں حرف ’ے‘ لکھنے کی مشق کریں۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ے‘ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔ | **دہرائی:**<br>حرف ’ے‘ کا درست تلفظ،صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ے‘ کا تلفظ صوتی آواز اور الفاظ کے آخر میں اس کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| حرف ’ے‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست بناوٹ ساخت سے ’ے‘ لکھ سکیں۔ | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم کھلونے کے بارے میں بات کریں گے۔ کھلونوں سے کھیلنا سب کو پسند ہوتا ہے ہر بچہ اپنے پسندیدہ کھلونے کے بارے میں بتائے گا۔ وہ اسے کس نے دیا اور کب دیا؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ کھلونے کے آخر کی آواز ’ے‘ کی ہے۔ بچوں سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں کی مدد سے ہوا میں ’ے‘ بنائیں اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیے۔ | 10 منٹ | | |
| حرف ’ے‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف ’ے‘ کے الفاظ کی تصاویر یا اور مختلف تصاویر والے فلیش کارڈ کی صورت میں دی جائیں گی اور ان کو کہا جائے گا کہ ’ے‘ کے الفاظ پر Peg لگا دیں۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں گھوڑے میں رنگ بھرنے اور ’ے‘ پر پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | گھوڑے،<br>چوزے، سیب،<br>تالے، جالے،<br>اونٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے کپڑے، جوتے اور تالے کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں چسپاں ورک شیٹ میں ’ے‘ کے گرد دائرہ بنائیے۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ے' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ۔<br>حرف 'ے' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست بناوٹ ساخت سے 'ے' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ے' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ے' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ے' کا تلفظ صوتی آواز اور الفاظ کے آخر میں اس کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ے' کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو پتے، خانے، گھوڑے اور جالے کے فلیش کارڈ دکھا کر نام بتائے جائیں گے۔ ناموں کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کے ساتھ مل کہ ہوا میں بڑی 'ے' لکھی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پانچ پانچ کے گروپوں میں تقسیم کیا جائے گا بچوں کو پلے ڈو دے کر 'ے' بنانے کو کہا جائے گا۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 83 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم کون سا حرف لکھنا سیکھ رہے ہیں بتایئے۔ بچوں کو 'ے' کو اس کے الفاظ سے ملانے میں مدد کی جائے گی۔ نیچے دی گئی حرف 'ے' پر درست بناوٹ کے ساتھ پنسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | پلے ڈو<br>کتاب صفحہ نمبر 83 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ سفید پر لکیر کھینچ کر حرف 'ے' لکھنے کی مشق کروایئے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ے' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ۔<br>حرف 'ے' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست بناوٹ ساخت سے 'ے' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ے' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ے' کے تمام فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 3 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ے' کا تلفظ صوتی آواز اور الفاظ کے آخر میں اس کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم جوتے اور کپڑے کے بارے میں بات کریں گے۔ ہم سب کو صاف ستھرے کپڑے پہننے چاہیے اور اپنے پاؤں کو گندگی سے بچانے کے لیے جوتے پہن کر رکھنے چاہیں۔ بچوں کو بتائیے کہ کپڑے اور جوتے کے آخر کی آواز 'ے' کی ہے۔ بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'ے' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ے' لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔ | 30 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ے' کی صوتی آواز پوچھی اور دہرائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ے' لکھیں۔ | 2 منٹ | | |